# ایوانِ تجارت و صنعت ملتان

## ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی مجلسِ عاملہ کے اِجلاس منعقدہ مورخہ 15-07-2026 کی روئیداد

ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی مجلسِ عاملہ کا اِجلاس آج مورخہ 15-07-2026 بروز بدھ بوقت 04:15 بجے سہ پہر زیرِ صدارت جناب بختاور تنویر شیخ صاحب، صدر ایوان بحاضری درجِ ذیل اراکین دفتر ایوان واقع شاہراہِ ایوان تجارت و صنعت ملتان میں منعقد ہوا اور درج ذیل کاروائی عمل میں لائی گئی:-

۱. جناب بختاور تنویر شیخ صاحب
۲. جناب محمد محسن مسعود خواجہ صاحب
۳. جناب محمد اظہر بلوچ صاحب
۴. جناب ظفر اقبال صدیقی صاحب
۵. جناب میاں رجب حسین کھوکھر صاحب
۶. جناب میاں ادریس احمد شیخ صاحب
۷. جناب عامر علی خان صاحب
۸. جناب خواجہ محمد ارشد صاحب
۹. جناب شیخ محمد یٰسین صاحب
۱۰. جناب محمد طارق خان صاحب
۱۱. جناب شیخ محمد امجد صاحب
۱۲. جناب محمد عارف صاحب
۱۳. جناب محمد سرفراز صاحب
۱۴. جناب ارشد اقبال شیخ صاحب
۱۵. جناب عمار یاسر خواجہ صاحب
۱۶. جناب وسیم اختر صاحب
۱۷. جناب شیخ فیصل سعید صاحب
۱۸. محترمہ ارم راشد صاحبہ
۱۹. محترمہ حنا چغتائی صاحبہ

مجلسِ عاملہ کے درجِ ذیل اراکین کو **Leave of absence دی گئی:-**

۱. جناب الطاف شاہد صاحب
۲. جناب خواجہ ذوالفقار علی صدیقی صاحب
۳. جناب رضا عمار صاحب
۴. جناب محمد رمضان بھٹہ صاحب
۵. جناب مجیداللہ خان صاحب

**Ex. Officio**

۱. جناب میاں راشد اقبال صاحب نے بطور ایکس آفیشو ممبر شرکت کی۔

(PTO)

CamScanner

| نمبر شمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| ۱۔ | آغاز اجلاس۔ | اجلاس کی کاروائی کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ |
| ۲۔ | توثیق کاروائی گذشتہ اجلاس مجلس عاملہ۔ | سیکریٹری جنرل ایوان محمد شفیق نے مجلسِ عاملہ کو بتایا کہ سابقہ اجلاس کی کاروائی (Minutes) تمام اراکین مجلس عاملہ کے سامنے موجود ہے اور اس کی توثیق کی درخواست کی، جس پر مجلس عاملہ ایوان نے متفقہ طور پر اس کی منظوری دی۔ سیکریٹری جنرل ایوان نے یہ بھی بتایا کہ منظوری کے بعد اسے چیمبر کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیا جائے گا اور تمام مجلس عاملہ کو الگ الگ ای میل بھی کیا جائے گا اور مشترکہ طور پر واٹس ایپ گروپ میں بھی پوسٹ کیا جائے گا۔ |
| ۳۔ | منظوری الیکشن شیڈول بابت سال 2026-28 | سیکریٹری جنرل ایوان نے ملتان چیمبر کے دوسالہ انتخابات برائے سال 2026-28 کا الیکشن شیڈول مجلس عاملہ کے سامنے پیش کیا اور بتایا کہ یہ الیکشن شیڈول پہلے ہی اجلاس کے ایجنڈہ کے ساتھ مجلسِ عاملہ کو بذریعہ ای میل اور واٹس ایپ گروپ میں بھیجا جا چکا ہے۔ سیکریٹری جنرل ایوان نے مجلس عاملہ کو بتایا کہ یہ الیکشن شیڈول منسٹری آف کامرس حکومت پاکستان کی ہدایت اور اُن کے جاری کردہ ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 کے رُولز کے مطابق تیار کیا گیا ہے اور یہ الیکشن شیڈول بعد از منظوری مجلسِ عاملہ مورخہ 16-07-2026 سے ایوان کے نوٹس بورڈ پر اور چیمبر کی ویب سائٹ پر بھی Up Load کر دیا جائے گا اور اسکی ایک کاپی ریگولیٹر ٹریڈ آرگنائزیشنز، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹریڈ آرگنائزیشنز (DGTO) کو بھی بھجوائی جائے گی۔ مجلس عاملہ نے باتفاق رائے الیکشن شیڈول برائے الیکشن ایوان وتجارت وصنعت ملتان بابت سال 2026-28 کی منظوری دی۔ |
| ۴۔ | الیکشن بابت سال 2026-28 کرائے جانے کیلئے الیکشن کمیشن کا تقرر | الیکشن بابت سال 2026-28 کرائے جانے کیلئے الیکشن کمیشن کی تقرری کیلئے درج ذیل اراکین کی طرف سے ایوان کو موصول ہونے والی درخواستیں مجلس عاملہ کے سامنے منظوری کیلئے پیش کی گئیں جسے مجلس عاملہ نے متفقہ طور پر منظور کیا:<br>1. جناب ملک اسرار احمد اعوان صاحب<br>2. جناب خواجہ محمد علی صاحب<br>3. جناب میاں عارف اقبال صاحب |

| نمبرشمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| ۵۔ | اورکوئی معاملہ بہ اجازت صاحب صدر۔<br>حتمی منظوری برائے نئی ممبرشپ<br>(کارپوریٹ + ایسوسی ایٹ کلاس) | سیکرٹری جنرل نے مجلس عاملہ کو ایوان کے نئے ممبران کی لسٹ جو کہ ایوان کی ممبرشپ کمیٹی نے SOPs کے مطابق Approve کردی ہیں، برائے اطلاع پیش کی اوران کی تفصیل سے آگاہ کیا۔ مجلس عاملہ نے بااتفاق رائے نئے ممبران کی منظوری دی۔ |

اب کیونکہ اورکوئی معاملہ برائے زیرغور نہیں تھا لہٰذا اجلاس کی کاروائی صدر صاحب کے شکریہ کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔

صدر

ایوانِ تجارت وصنعت ملتان

CamScanner